**فوری ریلیز کے لیے:** 20/10/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے کسانوں کو فروغ دینے اور کمیونٹیز اور اسکولوں میں مزید مقامی خوراک پہنچانے کے لیے تقریباً 38$ ملین کے وفاقی فنڈز کا اعلان کیا***

***USDA کے کوآپریٹو معاہدے نیو یارک کے کسانوں اور پیداوار دینے والوں کو فروغ دیں گے اور فارم ٹو اسکول پروگرامز کو تقویت دیں گے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ امریکی محکمہ زراعت نے ریاست نیویارک کے محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس اور ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے تعلیم کو تقریبا 38$ ملین کے ایوارڈز دیے ہیں تاکہ نیو یارک کے کسانوں کو فروغ دے کر اور مقامی کھانوں تک رسائی میں اضافہ کرکے نیو یارک کے کھانے کے نظام کی لچک کو مزید بڑھایا جاسکے۔ اس فنڈنگ سے نیو یارک کے کسانوں، جن میں روایتی طور پر نظر انداز ہونے والے لوگ بھی شامل ہیں، کی معاونت کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور اِن اشیاء کو غذائی عدم تحفظ کا شکار کمیونٹیز اور نیو یارک کے اسکولوں میں تقسیم کرنے کے مواقع پیدا ہوں گے۔

"محکمہ زراعت اور مارکیٹس اور ریاستی محکمہ تعلیم نے مقامی کسانوں اور یہ جن کمیونٹیز کی خوراک کا بندوبست کرتے ہیں کے درمیان مضبوط، باہمی طور پر فائدہ مند تعلقات استوار کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ پروگرام کسانوں اور پیداوار دینے والوں کے لیے اہم اقتصادی مواقع فراہم کرتے ہیں جبکہ طلباء اور نظر انداز شدہ کمیونٹیز کو مقامی طور پر حاصل شدہ، تازہ، صحت مند اور غذائیت سے بھرپور خوراک تک رسائی فراہم کرتے ہیں۔ یہ شراکت داری اور اضافی فنڈنگ ہمارے ان بہت سے کامیاب ریاستی منصوبوں کو بروئے کار لا رہی ہے جو نہ صرف ہماری زرعی کمیونٹی کو فروغ دینے اور ہمارے خاندانوں کو کھانا کھلانے میں مدد فراہم کرتے ہیں، بلکہ ریاست نیو یارک کے خوراک کی ترسیل کے نظام کو مضبوط کرنے میں بھی مدد کرتے ہیں۔"

مارکیٹنگ اور ریگولیٹری منصوبوں کے لیے USDA کی انڈر سیکرٹری Jenny Lester Moffitt نے نیو یارک محکمہ زراعت اور مارکیٹس (Department of Agriculture and Markets، AGM) کے کمشنر Richard A. Ball اور اسٹیٹ ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ (State Education Department، SED) کی کمشنر Betty A. Rosa کے ساتھ مل کر آج کیپٹل ریجن BOCES کیریئر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن سینٹر میں دو کوآپریٹو معاہدوں کا جشن منانے کے لیے شرکت کی: AGM کا فوڈ پرچیز اسسٹنس کوآپریٹو ایگریمنٹ (Local Food Purchase Assistance Cooperative Agreement، LFPA) پروگرام؛ اور SED کا لوکل فوڈ فار اسکولز (Local Food for Schools، LFS) کوآپریٹو ایگریمنٹ پروگرام۔

**امریکہ کے محکمہ زراعت کی انڈر سکریٹری Jenny Lester Moffitt نے کہا،** "USDA کسانوں اور پیداوار فراہم کرنے والوں کے لیے اقتصادی مواقع کو فروغ دینے اور نظر انداز ہونے والی کمیونٹیز اور اسکولوں میں مقامی طور پر حاصل کردہ، تازہ، صحت مند اور غذائیت سے بھرپور خوراک تک رسائی بڑھانے کے لیے نیو یارک کے ساتھ شراکت داری کے لیے پرجوش ہے۔ ان منصوبوں کے تحت کیے گئے کواپریٹو معاہدے خوراک اور زرعی ترسیل کے نظام کی لچک کو بہتر بنائیں گے اور ملک بھر میں مقامی خوراک کی کھپت میں اضافہ کریں گے۔"

AGM کو نیو یارک فوڈ فار نیو یارک فیملیز منصوبے کو لاگو کرنے کے لیے LFPA کے ذریعے $25.8 ملین کا ایوارڈ دیا گیا ہے تاکہ ریاست بھر میں زیادہ لچکدار خوراک کا نظام بنایا جا سکے جو مقامی کھیتوں کی معاونت کرے اور غذائی عدم تحفظ کا سامنا کرنے والی کمیونٹیز کو اعلیٰ معیار کی، غذائیت سے بھرپور خوراک فراہم کرے۔
خوراک کی خریداری مقامی اور روایتی طور پر پسماندہ کسانوں کو معاشی مواقع کی تعمیر اور وسعت دے کر اور ریاست کے اندر ان کے لیے مارکیٹنگ کے نئے چینلز بنا کر مدد کرے گی جبکہ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ نیو یارک کے ضرورت مند خاندانوں کو مقامی خوراک ملے۔

LFS پروگرام، جس کو SED چلاتا ہے، کو تقریباً $12 ملین ملیں گے تاکہ اسکولوں کو نیشنل اسکول لنچ اور اسکول بریک فاسٹ پروگرامز کے ذریعے اسکول کے دن کے دوران بچوں کو پیش کیے جانے کے لیے مقامی اور علاقائی کھانے اور مشروبات کی خریداری کے لیے اضافی وسائل فراہم کیے جائیں۔ یہ صحت مند اور منفرد مصنوعات اسکولوں اور مقامی کسانوں کے درمیان نئے تعلقات استوار کرتے ہوئے بچوں کے لیے غذائیت کو بہتر بنانے کے ریاست کے ہدف کو آگے بڑھائیں گی۔

**ریاست نیو یارک محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس کے کمشنر Richard A. Ball نے کہا،** "مجھے نیو یارک کی ان جاری کوششوں پر فخر ہے جو یہ اپنے غذائی نظام کو مضبوط بنانے اور صحت مند، مقامی خوراک کو نظر انداز رہنے والی کمیونٹیز تک پہنچانے کے لیے کر رہا ہے اور ساتھ میں پورے نیو یارک کے کسانوں کو معاشی فوائد فراہم کر رہا ہے۔ ہمیں USDA کے LFPA گرانٹ پروگرام کے ذریعے تقریباً $26 ملین کا ایوارڈ ملنے پر بہت خوشی ہے، جو ہمیں ان کامیابیوں کو بروئے کار لانے اور اپنیِ ریاست کے ہر کونے میں موجود کسانوں اور ضرورت مند خاندانوں تک اپنی رسائی کو نمایاں طور پر وسعت دینے کا موقع دے گا۔"

**ریاست نیو یارک-بورڈ آف ریجنٹس کے چانسلرLester W. Young Jr نے کہا،** "نیو یارک کے کھیت اور یہاں کے خوراک پیدا کرنے والے اس بات کو یقینی بنانے کی کنجی ہیں کہ طلبا کو مقامی طور پر حاصل کردہ وہ صحت مند کھانا ملے جس کی انہیں سیکھنے اور ترقی میں معاونت کے لیے ضرورت ہے۔ ریاست بھر اور USDA میں اپنے شاندار چائلڈ نیوٹریشن پارٹنرز کے ساتھ مل کر، ہم طالب علموں کے لیے نیو یارک کا صحت مند کھانا فراہم کرنے کے لیے اپنے نیٹ ورکس کو بڑھاتے اور مضبوط کرتے رہتے ہیں تاکہ انہیں ان صحت بخش کھانوں تک رسائی حاصل ہو جن کی انھیں ہر روز ضرورت ہے۔"

**ریاست نیو یارک محکمہ تعلیم کی کمشنر Betty A. Rosa نے کہا،** "اسکول ہماری متنوع ریاست میں ہر کمیونٹی کا ایک لازمی حصہ ہیں اور ہم خوراک اور کھیتی باڑی سے گہرے روابط کو فروغ دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ محکمے کا چائلڈ نیوٹریشن کا عملہ اس شراکت داری کو آگے بڑھانے کے لیے سخت محنت کر رہا ہے اور اضلاع، نیو یارک کے شاندار کھیتوں اور ماضی میں نظر انداز رہنے والے خوراک بنانے اور پروسیس کرنے والوں کے درمیان اس اہم تعاون کا کلیدی حصہ ہوگا۔ ان مشترکہ کوششوں کا نتیجہ اسکول میں ترقی کی منازل طے کرنے کے لیے بہتر طور پر تیار صحت مند، خوش باش طالب علم ہوں گے۔"

**کیپٹل ریجن BOCES کی قائم مقام ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ Lauren Gemmill نے کہا،** "طلباء کے لیے ہمارے کھانے کے پروگرامز سے لے کر اسکول کے اضلاع کے لیے ہماری شیئرڈ فوڈ سروس تک، کیپیٹل ریجن BOCES اسکولوں میں مقامی کھانوں تک رسائی کو بہتر بنانے کے طریقے مسلسل تلاش کر رہا ہے۔ کسانوں کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کے طریقے تلاش کرتےاور اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ ہمارے طلباء کے پاس غذائیت سے بھرپور آپشنز دستیاب ہوں، ہم اپنے ریاستی اور وفاقی رہنماؤں کے تعاون کے شکر گزار ہیں۔"

**سینیٹر Kirsten Gillibrand نے کہا،** "نیو یارک 30,000 سے زیادہ کسانوں کا گھر ہے جنہیں عالمگیر وباء کی وجہ سے مالی مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے آپریشنز کو جاری رکھنے کے لیے فوری اور براہ راست مدد کی ضرورت ہے۔ سینیٹ کی زراعت کی کمیٹی کے رکن کے طور پر، مجھے اس $38 ملین کے لیے آواز بلند کرنے اور اس کو منظور کروانے میں مدد کرنے پر فخر ہے جو ہمارے کھیتوں کو چلتا رکھنے اور گھروں اور اسکولوں کے دسترخوانوں پر مقامی خوراک پیش کرنے میں مدد کریں گے۔"

**نمائندہ Adriano Espaillat نے کہا،** "میں نیو یارک کے کسانوں کی مدد کرنے کے آج کے اعلان پر گورنر Hochul کی تعریف کرتا ہوں جو ساتھ میں اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اسکولوں اور کمیونٹیز کو مقامی فراہم کنندگان سے خوراک ملے۔ مقامی طور پر اگائی جانے والی پیداوار کے ذریعے خوراک میں مساوات کو تقویت دیتے ہوئے، ہم پوری ریاست نیو یارک میں غذائی عدم تحفظ سے لڑنے کے لیے اپنی کوششوں کو آگے بڑھانے کے قابل ہیں اور ضرورت مند خاندانوں اور کمیونٹیز کے لیے خوراک فراہم کر رہے ہیں۔"

**ریاستی سینیٹر Shelley B. Mayer نے کہا،** "تمام طلباء کو جب اپنی ضرورت کے مطابق غذائیت حاصل ہوتی ہے تو وہ بہترین طریقے سے سیکھتے ہیں۔ یہ فنڈنگ نیو یارک کو ہمارے مقامی کسانوں اور ہمارے اسکولوں کے درمیان رابطوں کی تعمیر جاری رکھنے کے قابل بنائے گی۔ اس کوشش میں شراکت کے لیے امریکی محکمہ زراعت، گورنر Kathy Hochul، محکمہ زراعت اور مارکیٹس کے کمشنر Ricahrd A. Ball، بورڈ آف ریجنٹس کے چانسلر Lester W. Young Jr. اور اسٹیٹ ایجوکیشن کمشنر Betty A. Rosa کا شکریہ۔"

**ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey نے کہا،** "نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے صحت مند، مقامی طور پر حاصل شدہ خوراک تک رسائی کو بڑھانا اور ساتھ میں کھیت کے کاروبار کو تقویت دینے کے لیے نئی منڈیاں بنانا ہماری ریاست کے لیے ایک اہم ترین ترجیح ہے اور یہ بہت اہم ہے کہ ہمیں حکومت کی ہر سطح سے اس محاذ پر حمایت حاصل ہو۔ جبکہ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں کہ ہماری اپنی اگائی ہوئی خوراک کی فراہمی نیو یارک کے تمام بچوں اور خاندانوں کے لیے قابل رسائی ہو، یہ وفاقی فنڈنگ اسکولوں، کھیتوں اور نظر انداز کمیونٹیز کے درمیان نئے رابطوں کو فروغ دینے میں بے حد مفید ہوگی۔"

**رکن اسمبلی Donna Lupardo نے کہا،** "نیو یارک کے، مقامی خوراک کی خریداری کے اہم اقدامات کی حمایت کرنے کے لیے USDA کا شکریہ۔ اس فنڈنگ سے، ہم اپنے طلبا اور غذائی عدم تحفظ کا شکار نیو یارک کے شہریوں کے لیے اور بھی زیادہ تازہ، مقامی طور پر اگائی گئی اور غذائیت سے بھرپور مصنوعات فراہم کر سکتے ہیں۔ یہ ہمارے کسانوں کے لیے بھی ایک بڑا فروغ ہو گا، جو ہماری خوراک کی ترسیل کے نظام اور مجموعی زرعی معیشت کو مضبوط کرے گا۔"

آج کا اعلان بھوک کے خلاف جنگ کے لیے ریاست کی دیرینہ وابستگی پر استوار ہے۔ ریاست نے حالیہ برسوں میں صحت مند، مقامی طور پر اگائے جانے والے کھانوں تک رسائی کو بہتر بنانے اور نیو یارک میں اگائی جانے والی خوراک اور مشروبات کو نظر انداز کمیونٹیز اور ریاست نیو یارک کے اسکولوں تک پہنچانے کے لیے کئی اہم منصوبے شروع کیے ہیں۔ 30 فیصد NYS اقدام، ریاست کا فارم ٹو اسکول پروگرام اور چائلڈ نیوٹریشن پروگرامز نیو یارک کے کسانوں سے اور زیادہ مقامی مصنوعات خریدنے اور نیو یارک کے اسکول لنچز کے لیے صحت مند اور غذائیت سے بھرپور مقامی کھانوں میں اضافے پر مرکوز ہیں۔

نورِش NY انیشئیٹو نے، ریاست کے فوڈ بینکوں اور ہنگامی خوراک فراہم کرنے والوں کے نیٹ ورک کے ذریعے، مقامی کسانوں سے تقریباً 100$ ملین مالیت کی خوراک خریدی ہے اور اسے ضرورت مند خاندانوں تک پہنچایا ہے۔ اب تک تقریباً 50 ملین کھانوں کی ترسیل ہو چکی ہے۔ ایک اور حالیہ سنگ میل ریاست کے غذائی عطیات اور ضائع ہونے والی خوراک کو دوبارہ کارآمد بنانے کے قانون کے جاری نفاذ کے ایک جزو کے طور پر نیو یارک کے بھوک کا شکار مکینوں کے لیے ایک ملین پاؤنڈ خوراک عطیہ کیا جانا ہے، جو نیو یارک کے ضرورت مندوں کو معیاری کھانا فراہم کرنے کے ساتھ ریاست کی، لینڈ فلنگ کے فضلے اور آب و ہوا کو تبدیل کرنے والے اخراج، کو کم کرنے کی کوششوں کو بروئے کار لاتا ہے۔

کاؤنسل برائے بھوک اور خوراک کی پالیسی اس چیز پر مرکوز ہے کہ ریاستی پالیسی سازوں کو بھوک سے نمٹنے کی مہارت فراہم کی جائے اور ریاست نیو یارک کے رہائشیوں کے لیے صحت مند، مقامی خوراک تک رسائی کو بہتر بنایا جائے۔ نورِش نیو یارک پروگرام کے قیام کے دوران کونسل کا کام انتہائی اہم تھا، جو کہ اس کے بھوک سے نمٹنے کے منصوبوں اور خوراک کی پیداوار اور ترسیل کرنے والوں کے درمیان روابط اور تعاون کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز رکھنے کی بدولت ہے۔

دونوں منصوبے ریاست بھر میں نظر انداز رہنے والی کمیونٹیز اور طلباء کو تازہ، صحت مند، مقامی طور پر اگائی گئی خوراک فراہم کرنے میں مدد کرتے ہیں اور ریاست نیو یارک کے چھوٹے کاروباروں میں سرمایہ کاری کرتے ہیں تاکہ ایک مستحکم، پھلتے پھولتے مقامی غذائی نظام کو فروغ دیا جا سکے۔ مزید معلومات USDA کے لوکل فوڈ پرچیز اسسٹنس کوآپریٹو ایگریمنٹ پروگرام اور لوکل فوڈ فار اسکولز کوآپریٹو ایگریمنٹ پروگرام کے ویب پیجز پر دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418